برمنگھم ٹسٹ دلچسپ مرحلے میں داخل

انگلینڈ کو جیت کے لیے 260 رنوں کی ضرورت، ہندوستان فتح سے 7 وکٹ دور

برمنگھم(ایجنسیاں)

ہندوستان اور انگلینڈ کے درمیان یہاں کھیلے جارہے ہیں پانچویں اور آخری ٹسٹ میچ دلچسپ مرحلے میں داخل ہوگیا ہے۔ ہندوستان جہاں جیت سے سات وکٹ دور ہے وہیں سیریز بچانے کی جدوجہد کرنے والی انگلش ٹیم کو فتح کے 260 رنوں کی ضرورت ہے۔

انگلینڈ کی پہلی اننگز 284 رنز پر سمٹنے کے بعد ہندوستان نے اپنی دوسری اننگز میں 245 رنز بنائے اور انگلینڈ کو 378 رنز کا ہدف دیا۔ جواب میں انگلینڈ کی ٹیم 3 وکٹوں کے نقصان پر 118 رنز بنا سکی۔ جونی بیرسٹو اور جوروٹ کریز پر موجود ہیں۔

ٹیم انڈیا کے کپتان جسپریت بمراہ نے انگلینڈ کی ابتدائی دونوں وکٹیں حاصل کیں۔ ٹی سے پہلے، انہوں نے 46 رنز کے ذاتی اسکور پر جیک کرولی کو بولڈ کیا۔ اسی دوران ٹی کے بعد پہلی ہی گیند پر اولی پوپ وکٹ کے پیچھے کیچ ہو گئے۔ انگلینڈ ابھی تک دونوں جھٹکوں کا مقابلہ نہیں کر پارہا تھا کہ محمد شامی کی ایک شاندار تھرو نے ایلکس لیز کو رن آؤٹ کرکے پویلین بھیج دیا۔ اس طرح انگلینڈ کی ٹیم دباؤ میں آگئی ہے لیکن اس کے سامنے میچ جیتنے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہے۔ ہندوستان سیریز میں 1-2 کی برتری لیے ہوئے اور اسے صرف ہار سے بچنے کی ضرورت ہے۔

اس سے قبل چیتشور پجارا (66) اور رشبھ پنت (53) کی شاندار نصف سنچریوں کی بدولت ہندوستان نے پیر کو انگلینڈ کے خلاف پانچویں ٹیسٹ کے چوتھے دن دوسری اننگز میں 245 رنز بنا کر میزبان ٹیم کے سامنے جیت کے لئے 378 رنز کا ہدف رکھا۔ کل کے کھیل میں ہندوستان نے تین وکٹ پر 125 رنز سے کھیلنا شروع کیا۔ چیتشور پجارا نے 50 اور رشبھ پنت نے 30 رنز بنا کر اننگز کو آگے بڑھایا۔ دونوں نے اسکور کو 153 رنز تک پہنچایا۔ پجارا کو اس اسکور پر اسٹورٹ براڈ نے آؤٹ کیا۔ پجارا نے 168 گیندوں پر 66 رنز میں آٹھ چوکے لگائے۔ میتھیو پاٹس کی گیند پر 19 رنز بنانے کے بعد شریس ایر اپنی وکٹ گنوا بیٹھے۔ پنت، بائیں بازو کے اسپنر جیک لیچ کی گیند پر ریورس سوئپ کھیلنے کی کوشش میں آسان کیچ دے بیٹھے۔ پنت نے 86 گیندوں پر 57 رنز میں آٹھ چوکے لگائے۔ پہلی اننگز میں سنچری بنانے والے رویندرا جڈیجا 23 رنز بنانے کے بعد نویں بلے باز کے طور پر آؤٹ ہوئے۔ جسپریت بمراہ آخری بلے باز کے طور پر 245 کے ٹیم اسکور پر آؤٹ ہوئے۔ محمد شامی نے 13 رنز بنائے۔

انگلینڈ کی جانب سے بین اسٹوکس نے 33 رنز پر چار وکٹیں حاصل کیں جبکہ براڈ اور پاٹس نے دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

ہمیں 2021 کے منصوبے کے مطابق گیند بازی کرکے کامیابی ملی: سراج

برمنگھم (یو این آئی)

پانچویں ٹیسٹ میں انگلینڈ کی پہلی اننگز میں چار وکٹ لینے والے ہندوستانی تیز گیند باز محمد سراج نے تیسرے دن کے کھیل کے بعد کہا کہ ہمیں 2021 کے منصوبے کے تحت گیند بازی کرکے کامیابی ملی۔

سراج کے مطابق ہندوستان کے پاس 140 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے گیند کرنے والے باؤلرز کا ایک اچھا گروپ ہے، یہی وجہ ہے کہ ہندوستان گزشتہ سال سیریز میں 2-1 کی برتری حاصل کرنے میں کامیاب رہا تھا۔ ہندوستان نے اس میچ میں بھی اسی پلان کے ساتھ گیند بازی کی اور اسے کامیابی ملی۔ سراج نے پہلی اننگز میں چار وکٹیں حاصل کیں جن میں جوروٹ کی وکٹ بھی شامل تھی۔

میچ سے قبل انگلینڈ کے کپتان بین اسٹوکس نے واضح طور پر کہا تھا کہ ان کی ٹیم بلاخوف بیٹنگ کرنے جارہی ہے۔ اسی انداز سے بیٹنگ کرتے ہوئے اسٹوکس کی وکٹ بھی گرگئی۔ اس کے بعد ہندوستان 132 رنز کی برتری حاصل کرنے میں کامیاب ہوگیا۔ انگلینڈ کے بلے بازوں میں صرف جونی بیرسٹو ہی کامیاب رہے اور انہوں نے بھی سنچری اسکور کی جس کی وجہ سے ان کی ٹیم ایک مناسب اسکور تک پہنچ سکی۔

سراج نے کہا ''بطور گیند باز، ہم پورے صبر کے ساتھ بولنگ کرنے کی کوشش کررہے تھے۔ بیرسٹو بہت اچھی فارم میں ہیں اور مسلسل رنز بنا رہے ہیں۔ ہم جانتے تھے کہ ان کا اعتماد بہت زیادہ ہے۔ ہمارا منصوبہ اتنا آسان تھا کہ اضافی کوشش نہ کی جائے۔ ہم نے جو منصوبہ بندی کی ہے اس کے مطابق باؤلنگ کرتے رہنا ہے۔ ہمیں انہیں آؤٹ کرنے کے لیے صرف ایک اچھی گیند کرنی تھی۔'' سراج نے کہا کہ ''جب ہم نے نیوزی لینڈ کی سیریز دیکھی تو ہم نے محسوس کیا کہ ہمارا ہر ایک گیند باز 140 پلس پر باؤلنگ کر سکتا ہے اور ان کے باؤلرز میں یہ صلاحیت نہیں ہے۔ پچھلے سال یہی ہماری طاقت تھی اور اسی وجہ سے ہمیں کامیابی ملی۔ پچ پہلی اننگز میں گیند بازوں کی مدد کررہی تھی، اس لیے ہمارا منصوبہ اسی شعبے میں مسلسل باؤلنگ کرتے رہنا تھا۔ ہم کسی بھی موقع پر کمزور گیند بازی نہیں کرنا چاہتے تھے۔ اس سے حریف ٹیم کو رنز بنانے کا موقع مل سکتا تھا۔''

لکشمن کو پہلے ٹی-20 میں مل سکتی ہے کوچنگ کی ذمہ داری

نئی دہلی (ایجنسیاں)

سابق ہندوستانی کرکٹر وی وی ایس لکشمن اس وقت ہندوستان کی محدود اوورز کی ٹیم کے کوچ کے طور پر انگلینڈ میں ہیں۔ راہل ڈراوڑ کی انگلینڈ روانگی کی وجہ سے انہیں بی سی سی آئی نے آئرلینڈ کے خلاف دو میچوں کی ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لیے کوچ مقرر کیا تھا۔ ٹیم انڈیا نے ان کی کوچنگ میں سیریز جیتی اور اس کے بعد دو پریکٹس میچ کھیلے۔ یہاں بھی ٹیم انڈیا نے دونوں میچ جیتے۔

نیشنل کرکٹ اکیڈمی (این سی اے) کے سربراہ لکشمن کو اب ایک اور میچ کے لیے ٹیم انڈیا کے کوچ کی ذمہ داری دی جاسکتی ہے۔ انہیں انگلینڈ کے خلاف 7 جولائی کو ساؤتھمپٹن میں کھیلے جانے والے پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ کے لیے کوچ بنایا جاسکتا ہے۔ خبر رساں ایجنسی اے این آئی کے مطابق پہلے میچ میں ہیڈ کوچ راہل ڈراوڑ کو آرام دیتے ہوئے بی سی سی آئی لکشمن کو کوچ کے طور پر جاری رکھنے کے لیے کہہ سکتا ہے۔ غور طلب ہے کہ ہندوستانی ٹیم کے باقاعدہ کوچ ڈراوڑ اس وقت ٹیسٹ ٹیم کے ساتھ ہیں، جو ایجبسٹن میں انگلینڈ کے خلاف پانچواں اور آخری ٹیسٹ میچ کھیل رہی ہے۔ پانچ روزہ میچ 5 جولائی (منگل) کو ختم ہوگا جبکہ انگلینڈ کے خلاف پہلا میچ 7 جولائی کو ساؤتھمپٹن میں کھیلا جائے گا۔

لکشمن نے خود پریکٹس میچ جیتنے کے بعد ٹویٹ کیا اور ساؤتھمپٹن کو اپنا اگلا مشن بتایا۔ ایسے میں ڈراوڑ کے کام کے بوجھ کو دیکھتے ہوئے، لکشمن کا کوچ بننا تقریباً طے ہے۔

بی سی سی آئی نے ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لیے دو مختلف ٹیموں کا بھی اعلان کیا ہے۔ ویراٹ کوہلی، رشبھ پنت جیسے کئی سینئر کھلاڑی پہلے میچ میں نہیں کھیلیں گے کیونکہ وہ سب ٹیسٹ میچ کا حصہ ہیں۔ جب کہ روہت شرما کورونا سے صحت یاب ہونے کے بعد دوبارہ محدود اوورز کی کپتانی کے لیے تیار رہیں۔

شکیب ٹی-20 میں 2000 رنز اور 100 وکٹیں مکمل کرنے والے پہلے کھلاڑی بنے

ڈھاکہ (یو این آئی) بنگلہ دیش کے اسٹار آل راؤنڈر شکیب الحسن ٹی 20 انٹرنیشنل میں 2000 رنز اور 100 وکٹیں مکمل کرنے والے پہلے کھلاڑی بن گئے ہیں۔ شکیب نے یہ ریکارڈ اتوار کو ویسٹ انڈیز کے خلاف کھیلے گئے دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں حاصل کیا۔ شکیب نے اس میچ میں 52 گیندوں پر 68 رنز بنا کر ٹی 20 انٹرنیشنل میں 2000 رنز مکمل کیے، حالانکہ بنگلہ دیش ویسٹ انڈیز کے 193 رنز کے تعاقب میں 20 اوورز میں صرف 158 رنز ہی بنا سکا اور اسے 35 رنز سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے گیند بازی کرتے ہوئے ایک وکٹ بھی حاصل کی۔ شکیب نے اپنے ٹی ٹوئنٹی کیریئر میں 98 میچوں میں 23.31 کی اوسط اور 12.86 کے اسٹرائیک ریٹ سے 2005 رنز بنائے ہیں۔ انہوں نے بین الاقوامی ٹی ٹوئنٹی میں 10 نصف سنچریاں اسکور کی ہیں۔ اس کے علاوہ شکیب نے بنگلہ دیش کے لیے 6.7 کی اکانومی کے ساتھ 120 وکٹیں بھی حاصل کی ہیں۔

برمنگھم ٹسٹ میں رشبھ پنت کے نام کئی ریکارڈ

نئی دہلی (ایجنسیاں) رشبھ پنت نے انگلینڈ کے خلاف برمنگھم ٹیسٹ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ جہاں انہوں نے پہلی اننگز میں 146 رنز کی شاندار اننگز کھیلی۔ دوسری اننگز میں بھی انہوں نے 57 رنز بنائے۔ اس طرح انہوں نے ایجبسٹن میں جاری اس میچ میں 203 رنز بنائے۔ اس کے ساتھ پنت نے کئی ریکارڈ اپنے نام کیے اور وہ لیجنڈ کرکٹر ایم ایس دھونی اور فاروق انجینئر کے کلب میں بھی شامل ہو گئے۔ ٹیسٹ کرکٹ میں رشبھ پنت کا ریکارڈ پچھلے کچھ عرصے سے شاندار رہا ہے۔ انہوں نے برمنگھم ٹیسٹ میں کئی ریکارڈ بنائے۔ اب وہ انگلینڈ میں ٹیسٹ میچ کی دونوں اننگز میں سب سے زیادہ رنز بنانے والے کھلاڑی بن گئے ہیں۔ انہوں نے 1950 میں ویسٹ انڈیز کے کلائیڈ والکاٹ کے 182 رنز (14، 168) کا ریکارڈ توڑا۔ پنت نے اس ٹیسٹ میچ میں کل 203 رنز بنائے ہیں۔ رشبھ پنت نے ایک اور 69 سال پرانا ریکارڈ توڑ دیا۔ ان سے پہلے ایشیا سے باہر ٹیسٹ میچ میں سب سے زیادہ رنز بنانے کا ریکارڈ وجے منجریکر کے پاس تھا۔ منجریکر نے 1953 میں کنگسٹن میں ویسٹ انڈیز کے خلاف دونوں اننگز میں مجموعی طور پر 161 رنز بنائے تھے۔ اب رشبھ پنت نے 2022 میں انگلینڈ کے خلاف ایجبسٹن ٹیسٹ میں 203 رنز بنا کر اس ریکارڈ کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ رشبھ پنت نے انگلینڈ کے خلاف ایجبسٹن ٹیسٹ میں 203 رنز (146، 57) بنائے۔ اس کے ساتھ وہ فاروق انجینئر کے برابر پہنچ گئے جنہوں نے 1973 میں ممبئی میں انگلینڈ کے خلاف ایک اننگز میں سنچری (121) اور دوسری اننگز میں نصف سنچری (66) اسکور کی تھی۔ وہ ایک ہی ٹیسٹ میچ میں سنچری اور نصف سنچری بنانے والے ہندوستان کے دوسرے وکٹ کیپر ہیں۔ اس کے علاوہ وہ انگلینڈ میں کھیلے گئے ٹیسٹ میچ کی دونوں اننگز میں 50 سے زیادہ رنز بنانے والے دوسرے وکٹ کیپر بلے باز بھی بن گئے۔ ان سے پہلے ایم ایس دھونی نے 2011 میں برمنگھم میں ہی 77 رنز اور ناٹ آؤٹ 74 رنز بنائے تھے۔

ہندوستان نے سری لنکا کو 10 وکٹوں سے ہرایا

پالے کل (ایجنسیاں)

اسمرتی مندھانا (ناٹ آؤٹ 94) اور شیفالی ورما (ناٹ آؤٹ 71) کی شاندار نصف سنچریوں کی بدولت ہندوستان نے پیر کو دوسرے ون ڈے میں سری لنکا کے خلاف 10 وکٹوں سے جیت درج کی۔

سری لنکا نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے ہندوستان کے سامنے 50 اوورز میں 174 رنز کا ہدف دیا تھا جسے ہندوستان نے 25.4 اوورز میں حاصل کر لیا۔ اس جیت کے ساتھ ہی ہندوستان نے تین میچوں کی ون ڈے سیریز میں 2-0 کی ناقابل تسخیر برتری حاصل کرلی ہے۔ ہندوستان نے اس سے قبل ٹی 20 سیریز 2-1 سے جیتی تھی۔

ہندوستانی کپتان ہرمن پریت کور نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا۔ ہندوستان کی جانب سے شاندار بولنگ کرتے ہوئے رینوکا سنگھ نے 10 اوورز میں 1 میڈن اور 28 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔ ان کے علاوہ میگھنا سنگھ اور دیپتی شرما نے بھی کفایت شعاری سے 2-2 وکٹیں حاصل کیں۔ جس کی وجہ سے میزبان ٹیم مقررہ 50 اوورز میں 173 رنز بنا کر آل آؤٹ ہوگئی۔

174 رنز کے ہدف کے تعاقب میں ہندوستانی ٹیم نے کوئی وکٹ نہیں گنوائی۔ نائب کپتان اسمرتی مندھانا اور ان کی ساتھی اوپنر شیفالی ورما نے پہلی وکٹ کے لیے ناقابل شکست رنز کی شراکت داری کرکے ٹیم کو 10 وکٹوں سے میچ جیتنے میں مدد دی۔ ہندوستان نے 174 رنز کا ہدف 25.4 اوورز میں حاصل کرلیا۔

اس کے ساتھ ہی ہندوستان نے اب ون ڈے سیریز پر قبضہ کرلیا ہے۔ اس سے قبل دمبولا میں کھیلی گئی ٹی 20 سیریز بھی ہرمن پریت کور اینڈ کمپنی نے 2-1 سے جیتی تھی۔

ہندوستان کے لیے، دونوں اوپنرز نے سری لنکا کے خلاف ون ڈے میں یہ سب سے بڑی اوپننگ شراکت داری کی ہے۔ اس کے علاوہ ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں اسمرتی مندھانا اور شیفالی ورما کے درمیان یہ پہلی سنچری شراکت بھی ہے۔ کافی دیر تک دونوں کا بیٹ خاموش رہا، ٹیم انتظامیہ پریشان تھی۔ لیکن اب وہ پریشانی دور ہوچکی تھی۔ سیریز کا آخری ون ڈے میچ 7 جولائی کو کھیلا جائے گا۔

میری زندگی کو خطرات لاحق: رمیز راجہ

اسلام آباد (ایجنسیاں) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین رمیز راجہ کا کہنا ہے کہ میری زندگی کو خطرات ہیں، مجھے میڈیکل الاؤنس کی ضرورت نہیں۔ چیئرمین پی سی بی رمیز راجہ نے قائمہ کمیٹی بین الصوبائی رابطہ کو بریفنگ دی، جس پر میٹی کی رکن مہرین بھٹو نے کہا کہ پی سی بی والے اتنی زیادہ تنخواہیں لے رہے ہیں، کیا انہیں پریزنٹیشن کا نہیں معلوم تھا؟ رمیز راجہ نے کہا کہ ہمیں مختصراً زبانی طور پر بریفنگ دینے کا کہا گیا تھا، تنخواہوں کی بات کریں تو پی سی بی میں تنخواہیں عالمی مارکیٹ سے بہت کم ہیں، اچھے پروفیشنل کے لیے اچھی تنخواہیں دینی پڑتی ہیں۔ مہرین بھٹو نے کہا کہ پچھلے چیف ایگزیکٹو وسیم خان نے پی سی بی میں اپنی مدت ملازمت پوری نہیں کی، جس کے جواب میں رمیز راجہ نے کہا کہ وسیم خان آئی سی سی میں اچھی پوسٹ پر لگ گئے ہیں، میں آج قائمہ کمیٹی میں اس سوچ سے آیا تھا کہ میری تعریف ہوگی۔ رمیز راجہ نے کہا کہ ستمبر 2021 میں چیئرمین پی سی بی کا عہدہ سنبھالا تھا، 9 مہینے ہوگئے بطور چیئرمین پی سی بی لیکن ایک بھی غیر ملکی دورہ نہیں کیا، مجھے ایک بھی پیسہ نہیں ملتا، میری اہلیہ میرے ساتھ اب تک دورے پر نہیں گئیں۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ رمیز راجہ ہماری بھابھی کو دورے پر نہیں لے کر جاتے، یہ تو غلط بات ہے، جس کے جواب میں چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ میں اہلیہ کو لے کر ہی نہیں جاتا کیونکہ کمیٹی والے پھر میری کلاس لے لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس ایل خواتین کے لیے فروری میں منعقد کی جائے گی، پاکستان جونیئر لیگ اکتوبر میں ہورہی ہے، فخر ہے کہ پی سی بی حکومت سے ایک پیسہ نہیں لیتا، اپنا پیسہ خود بناتا ہے، پاکستان میں کرکٹ اسٹیڈیمز کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔

کپتان روہت شرما نے کورونا کو ہرایا، رپورٹ آئی نگیٹو

برمنگھم (یو این آئی)

ہندوستان کے کپتان روہت شرما کووڈ 19- کی رپورٹ نگیٹیو آنے کے بعد آئیسولیشن سے باہر آگئے ہیں اور اب انگلینڈ کے خلاف محدود اوورز کی سیریز کے لیے دستیاب ہوں گے۔ جس کی شروعات 7 جولائی کو ساؤتھمپٹن میں پہلے ٹی 20 انٹرنیشنل سے ہوگی۔ لیسٹر شائر کے خلاف چار روزہ وارم اپ میچ کے دوران مثبت پانے کے بعد روہت انگلینڈ کے خلاف جاری پانچویں ٹیسٹ سے باہر ہوگئے تھے۔

روہت کی کووڈ رپورٹ نگیٹیو آئی ہے اور میڈیکل پروٹوکول کے مطابق وہ اب قرنطینہ سے باہر ہیں۔ تاہم، وہ نارتھمپٹن شائر کے خلاف ٹی ٹوئنٹی پریکٹس میچ نہیں کھیلیں گے کیونکہ پہلے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سے قبل انہیں کچھ ریکوری اور ٹریننگ کی ضرورت ہوگی۔

میڈیکل پروٹوکول کے مطابق، قرنطینہ سے باہر آنے والے کسی بھی کھلاڑی کو لازمی ہارٹ ٹیسٹ سے گزرنا پڑتا ہے، جس میں کووڈ کے بعد کھلاڑی کے پھیپھڑوں کی صلاحیت کی جانچ ہوتی ہے۔ یکم جولائی سے شروع ہونے والے ٹیسٹ سے قبل روہت کی رپورٹ تین بار مثبت آئی تھی اور اس لیے جسپریت بمراہ کی شکل میں ہندوستان کو نیا ٹیسٹ کپتان ملا۔ روہت محدود اوورز کی سیریز کے پہلے میچ میں کھیلیں گے اور دوسرے میچ سے وراٹ کوہلی، بمراہ، رشبھ پنت اور رویندر جڈیجہ سمیت ٹیسٹ میچ میں حصہ لے رہے کھلاڑی دستیاب ہوں گے۔

چندر پال امریکی خواتین ٹیم کے کوچ مقرر

لاس اینجلس (کیلیفورنیا) (یو این آئی) ویسٹ انڈیز کے سابق کپتان اور بلے باز شیونارائن چندر پال کو امریکی خواتین ٹیم اور انڈر 19 خواتین ٹیم کا کوچ مقرر کیا گیا ہے۔ امریکی کرکٹ بورڈ نے یہ اطلاع دی۔ بورڈ نے اتوار کو کہا کہ چندر پال نے 2023 کے آخر تک ڈیڑھ سال کا معاہدہ کیا ہے۔ امریکی انڈر 19 خواتین کی ٹیم اتوار کو ویسٹ انڈیز انڈر 19 رائزنگ اسٹارز ٹی 20 چمپئن شپ کے لیے کیریبین کے لیے روانہ ہوئی، جہاں چندر پال پہلی بار ٹیم کی قیادت کریں گے۔ یہ مقابلہ ٹرینیڈاڈ اور ٹوباگو میں 5 جولائی سے 13 جولائی تک منعقد ہوگا۔ چندر پال فی الحال کیریبین پریمیئر لیگ (سی پی ایل) کے 2022 ایڈیشن میں جمیکا تلاواہ کے ہیڈ کوچ ہیں اور، حال ہی میں، ویسٹ انڈیز انڈر 19 مردوں کی ٹیم کے بیٹنگ کنسلٹنٹ کے طور پر خدمات انجام دے چکے ہیں۔

جوکووچ مسلسل 25 واں گراس کورٹ میچ جیت کر کوارٹر فائنل میں پہنچے

لندن (یو این آئی)

دنیا کے نمبر ایک ٹینس کھلاڑی سربیا کے نوواک جوکووچ نے اپنا ساتواں ومبلڈن خطاب جیتنے کی کوشش میں نیدرلینڈ کے ٹم وین رجتھوون کو شکست دے کر مقابلے کے کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی۔

جوکووچ نے اتوار کو چوتھے راؤنڈ کے میچ میں رجن ہوون کو 6-2، 4-6، 6-1، 6-2 سے شکست دی۔ یہ جوکووچ کی گراس کورٹ پر لگاتار 25 ویں جیت تھی۔

جوکووچ نے میچ کے بعد کہا، "میں میچ سے پہلے ہی جانتا تھا کہ یہ ایک مشکل میچ ہونے والا ہے۔ میں نے اس سے پہلے کبھی ان کا سامنا نہیں کیا۔ میں نے انہیں کھیلتے ہوئے دیکھا۔ وہ گراس کورٹ پر بہترین انداز میں کھیلتے ہیں۔ "جو انہیں نے آج ثابت بھی کیا۔ یہ ایک اچھا مقابلہ تھا، خاص طور پر پہلے دو سیٹوں میں۔" انہوں نے کہا کہ مجموعی طور پر مجھے لگتا ہے کہ میں نے اچھا کھیلا۔ تین بار ومبلڈن چیمپئن جوکووچ گراس پر لگاتار 25 میچ جیتنے کے معاملے میں دوسرے نمبر پر ہیں۔ انہوں نے اتوار کے نتیجے کے ساتھ راڈ لیور کے ریکارڈ کی برابری کی۔ پہلا مقام اب بھی راجر فیڈرر کے پاس ہے، جنہوں نے 2003-08 کے درمیان لگاتار 65 گراس کورٹ میچ جیتے تھے۔

منگل کو کوارٹر فائنل میں جوکووچ کا مقابلہ 10 ویں سیڈ جنک سنر سے ہوگا۔

پاول کے طوفان میں اڑا بنگلہ دیش، ویسٹ انڈیز نے جیتا 35 رنوں سے میچ



ڈومنیک (یو این آئی)

رومین پاول (28 گیندوں پر 61) کی شاندار نصف سنچری کی بدولت ویسٹ انڈیز نے بنگلہ دیش کو دوسرے ٹی ٹوئنٹی میں 35 رنوں سے شکست دے دی۔ اتوار کو کھیلے گئے میچ میں ویسٹ انڈیز نے بنگلہ دیش کے سامنے 194 رنز کا ہدف رکھا تھا جس کے جواب میں بنگلہ دیش چھ وکٹوں کے نقصان پر 158 رنز ہی بنا سکا۔

ویسٹ انڈیز نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ کیریبین ٹیم کی جانب سے اوپنر برینڈن کنگ (57) نے نصف سنچری اسکور کی۔ برینڈن نے 43 گیندوں کی اننگز میں سات چوکے اور ایک چھکا لگایا۔ کپتان نکولس پورن نے 30 گیندوں میں تین چوکوں اور ایک چھکا کی مدد سے 34 رن بنائے۔ 13 ویں اوور میں بیٹنگ کے لیے آنے والے پاول نے دھماکہ خیز شکل اختیار کی اور اننگ کو انجام تک پہنچایا۔ پاول نے 28 گیندوں میں دو چوکوں اور چھ چھکوں کی مدد سے 61 رنوں کی ناقابل شکست اننگ کھیلی، جس کی بدولت ویسٹ انڈیز نے مقررہ 20 اوورز میں پانچ وکٹوں کے نقصان پر 193 رن بنائے۔

بنگلہ دیش کی جانب سے شرف الاسلام نے دو جبکہ مہدی حسن، شکیب الحسن اور مصدق حسین نے ایک ایک وکٹ لیا۔

194 رنوں کا تعاقب کرنے اتری بنگلہ دیش کی ٹیم کبھی بھی لے میں نظر نہیں آئی۔ اوبید میک کوئے آٹھ رنز کے اندر ہی دونوں سلامی بلے بازوں کو چلتا کیا۔ کچھ دیر بعد ہی اوڈین اسمتھ نے کپتان محمود اللہ کو 11 رنز پر آؤٹ کردیا۔ بنگلہ دیش 23 رنز پر تین وکٹیں گنوانے کے بعد مشکل میں دکھائی دے رہا تھا لیکن شکیب نے اننگ کو سنبھالا۔ انہوں نے 52 گیندوں میں پانچ چوکوں اور تین چھکوں کی مدد سے 68 رن بنائے لیکن ان کی سست اننگ 194 رن کے بڑے ہدف کو حاصل کرنے میں کام نہ آسکی۔ اس کے علاوہ بنگلہ دیش کے لئے عفیف حسین نے 34 (27) اور مصدق نے 15 (11) رنز بنائے۔

ونڈیز کی جانب سے رومار یو شیفرڈ اور اوبیڈ میک کوئے نے دو دو وکٹ لئے جبکہ عقیل حسین اور اوڈین اسمتھ نے ایک ایک وکٹ اپنے نام کیا۔ پاول کو ان کی شاندار اننگ کے لئے مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

پہلا میچ بارش کی نذر ہونے کے بعد ویسٹ انڈیز نے دوسرا میچ جیت کر تین میچوں کی سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل کرلی ہے۔

ایلکس ایمبروز کو 'جنسی بدتمیزی' پر برطرف کردیا گیا

نئی دہلی (ایجنسیاں)

ہندوستان کے سابق بین الاقوامی ایلکس ایمبروز کو غیر ملکی دورے کے دوران جنسی بدتمیزی کے الزامات کے درمیان ہندوستان انڈر 17 خواتین کی فٹ بال ٹیم کے اسسٹنٹ کوچ کے عہدے سے برطرف کردیا گیا ہے۔ ایک کھلاڑی نے اسسٹنٹ کوچ کے خلاف شکایت کی تھی جس کے بعد امبروز کو ہندوستان واپس بلالیا گیا تھا۔ ہندوستانی انڈر 17 خواتین کی ٹیم اکتوبر میں انڈر 17 ورلڈ کپ سے قبل اپنی تیاریوں کے ایک حصے کے طور پر فی الحال اٹلی اور ناروے کے دورے پر ہے جس کی میزبانی ہندوستان کرے گا۔ 39 سالہ ایمبروز کو آل انڈیا فٹ بال فیڈریشن کو سنبھالنے کے لیے سپریم کورٹ کی طرف سے مقرر کردہ ایڈمنسٹریٹرز کی کمیٹی نے عارضی طور پر معطل کردیا تھا لیکن اتوار کو انہیں عہدے سے برطرف کرنے کا اعلان کیا گیا۔ آل انڈیا فٹ بال فیڈریشن (اے آئی ایف ایف) کو کنٹرول کرنے والی سپریم کورٹ کی مقرر کردہ کمیٹی آف ایڈمنسٹریٹرز (سی او اے) کے رکن ایس وائی قریشی نے اتوار کے روز کہا کہ ہندوستانی خواتین کے انڈر 17 اسسٹنٹ کوچ ایلکس ایمبروز کو مبینہ جنسی بدتمیزی کے الزام میں برطرف کیا گیا ہے۔ قریشی نے ٹویٹ کیا ''انڈر 17 خواتین ٹیم کے اسسٹنٹ کوچ ایلکس ایمبروز کو جنسی بدتمیزی کے الزام میں برطرف کردیا گیا ہے۔ مزید کارروائی کا عمل جاری ہے''۔ سی او اے نے اس معاملے کے بارے میں اسپورٹس اتھارٹی آف انڈیا (سائی) کو بھی آگاہ کردیا ہے۔ ہیڈ کوچ تھامس ڈینربی 'واقعہ' کے عینی شاہد تھے اور چونکہ نابالغ اس سے منسلک تھا، اس نے فوری طور پر اے آئی ایف ایف کو مطلع کیا۔ امبروز کی برطرفی کی تصدیق ہفتے کی رات ہوئی جیسا کہ سپریم کورٹ کی کمیٹی آف ایڈمنسٹریٹرز کے ممبران میں سے ایک ڈاکٹر ایس وائی قریشی نے تصدیق کی۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ ایمبروز 2019 سے انڈیا انڈر 17 ٹیم کے ساتھ کام کررہے ہیں۔ ہندوستانی کھلاڑی اپنی فیفا انڈر 17 ورلڈ کپ مہم کا آغاز 14 اکتوبر کو امریکہ کے خلاف ٹورنامنٹ کے افتتاحی میچ میں کریں گے، اس کے بعد مراکش اور برازیل کے خلاف میچ ہوں گے۔

ہندوستان نے انگلینڈ کو ڈرا پر روکا

ایمسٹیلوین (یو این آئی)

ہندوستان نے ایف آئی ایچ خواتین ورلڈ کپ میں اپنی مہم کا آغاز انگلینڈ کے خلاف ڈرا کے ساتھ کیا۔ اتوار کو ایمسٹیلوین کے وینجر ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلا جانے والا میچ 1-1 پر ختم ہوا۔ انگلینڈ نے میچ کے نویں منٹ میں برتری حاصل کرلی لیکن ہندوستان نے 28 منٹ میں گول کر کے میچ برابری پر ختم کردیا۔

◀ ایف آئی ایچ خواتین ورلڈ کپ

دونوں ٹیموں نے ورلڈ کپ کے اپنے پہلے میچ میں شاندار آغاز کیا اور ایک دوسرے کے سرکل میں جگہ بنائی۔ انگلینڈ کے اسٹرائیکر نے گول پر نشانہ لگایا کیا لیکن ہندوستان کی کپتان اور گول کیپر سویتا نے ڈائیونگ کرتے ہوئے انگلینڈ کو برتری حاصل کرنے سے روک دیا۔ اس کے کچھ ہی دیر بعد انگلینڈ دوسری کوشش میں کامیاب رہا اور ازابیل پیٹر نے 182 میچز کھیلنے والی للی اوسلی کی مدد سے نویں منٹ میں اپنی ٹیم کے لیے پہلا گول کیا۔ انگلینڈ کی برتری کے باوجود ہندوستان نے ذہنی دباؤ نہیں لیا اور منصوبہ بند طریقے سے مخالف ٹیم کے سرکل میں جگہ بناتا رہا۔ کچھ دیر بعد ہندوستان کو پنالٹی کارنر بھی ملا، لیکن گرجیت کور کی ڈریگ فلک گول پوسٹ سے چوک گئی۔ گول سے محروم رہنے کے بعد بھی ہندوستان نے تحمل کا مظاہرہ کیا اور تجربہ کار اسٹرائیکر وندنا کٹاریہ نے 28 ویں منٹ میں فٹ فاول کی وجہ سے پنالٹی کارنر کو گول میں تبدیل کرکے میچ 1-1 سے برابر کردیا۔ مونیکا کے شاٹ کے بعد گیند گول کیپر میڈی ہنز کے پیڈ سے ٹکرائی لیکن وندنا نے میچ برابر کرنے کی دوسری کوشش میں ہنز کی فیلڈنگ کو چکمہ دے دیا۔

دوسرے اور تیسرے کوارٹر میں کوئی گول نہ ہونے کے بعد چوتھے کوارٹر میں دونوں ٹیمیں نے سخت جدوجہد کی۔ انگلینڈ نے بھی ہندوستان کے سرکل میں چند مواقع پیدا کیے لیکن ان کی زیادہ تر کوششیں گول سے دور رہیں۔ ہندوستان میچ کے 56 ویں منٹ میں اس وقت برتری حاصل کرسکتا تھا جب نیہا اور نوجوت نے انگلینڈ کی ڈی میں شرمیلا کو اسسٹ کیا لیکن شرمیلا گیند کو نشانہ نہ بنا سکیں اور میچ برابری پر ختم ہوا۔ اس کے علاوہ چین اور نیوزی لینڈ کے درمیان کھیلا گیا پول بی کا پہلا میچ 2-2 کے اسکور پر ڈرا ہوگیا۔

ہندوستان کا اگلا مقابلہ منگل 5 جولائی کو چین سے ہوگا۔